Consumer and Worker Protection

**محکمہ برائے صارف اور کارکن کا تحفظ**
**(DEPARTMENT OF CONSUMER AND WORKER PROTECTION, DCWP)**
42 Broadway, Lobby
New York, NY 10004

**صرف اپائنٹمنٹ کے ذریعہ ذیل کے اوقات میں:**
پیر، بدھ: 8 بجے صبح تا 4 بجے شام
آخری اپائنٹمنٹ: سہ پہر 3:30 بجے

**NYC چھوٹا کاروبار سپورٹ سینٹر**
90-27 Sutphin Blvd, 4th Floor
Jamaica, NY 11435

**صرف اپائنٹمنٹ کے ذریعہ ذیل کے اوقات میں:**
منگل، جمعرات: 8 بجے صبح تا 4 بجے شام
آخری اپائنٹمنٹ: سہ پہر 3:30 بجے

**COVID-19 الرٹ**

صحت اور سلامتی کی وجوہات کی بناء پر، DCWP لائسنسنگ سینٹر اور NYC چھوٹے کاروبار کا سپورٹ سینٹر واک انز کی خدمت پیش نہیں کر سکتا، لیکن آپ ذاتی طور پر لائسنس کی اپنی درخواست جمع کرانے کے لیے اپائنٹمنٹ شیڈیول کر سکتے ہیں۔ **درخواست جمع کرانے کے طریقے** کا سیکشن دیکھیں۔

*نوٹ:* چونکہ ذاتی طور پر پیش کی جانے والی سروس محدود ہے، لہٰذا ہم آپ کو ہماری آن لائن سروس استعمال کرنے کی ترغیب دیتے ہیں جو 7/24 درج ذیل ویب سائٹ پر دستیاب ہے: **nyc.gov/BusinessToolbox**۔

# گھر میں بہتری کی اشیاء کے ٹھیکیدار کے لائسنس کی درخواست کی چیک لسٹ

**9** اگست **2020** سے، **DCWP** اب گھر میں بہتری کی اشیاء فروخت کنندگان کو لائسنس نہیں دے رہا ہے۔
اضافی وسائل کا سیکشن دیکھیں۔

## گھر میں بہتری کی اشیاء کے ٹھیکیدار کا لائسنس کس کے پاس ہونا ضروری ہے؟

کسی شخص یا کاروبار کے پاس نیو یارک سٹی میں کسی رہائشی زمین یا عمارت میں گھر کی بہتری کے لیے تعمیر، مرمت، دوبارہ تعمیر، یا گھر میں بہتری لانے کے لیے گھر میں بہتری کی اشیاء کے ٹھیکیدار کا لائسنس ہونا ضروری ہے۔ گھر کی بہتری کے دیگر کاموں میں بلا تحدید یہ چیزیں شامل ہیں: تعمیر، تبدیلی، یا تہہ خانوں، ڈرائیو ویز، باڑ، گیراج، اراضی کی تزئین کاری، صحنوں، برآمدوں، فٹ پاتھوں، سوئمنگ پولز، چھتوں کی بہتری، اور دیگر ڈھانچے میں یا اس زمین پر بہتری جو گھر کے یا اپارٹمنٹ کی عمارت کے برابر میں ہے۔

یہ وضاحت صرف اس بات کی عمومی وضاحت ہے کہ کس کے پاس گھر کی بہتری کے ٹھیکیدار کا لائسنس ہونا ضروری ہے۔

**گھر کی بہتری کے ٹھیکیدار کے لائسنس کے لیے درخواست دینے کے تقاضوں کی فوری فہرست**
*تفصیلی وضاحتوں کے لیے لوازمات کا سیکشن دیکھیں۔ تمام لوازمات فراہم کرنے کو یقینی بنائیں؛ بصورت دیگر، آپ کی درخواست نامکمل ہے۔ DCWP لائسنس کے اجراء کے لیے صرف مکمل کردہ درخواستوں پر ہی غور کر سکتا ہے۔*

- ☐ بنیادی لائسنس کی درخواست
- ☐ سیلز ٹیکس کا شناختی نمبر یا درخواست کا تصدیقی نمبر
- ☐ کاروباری پتے کا ثبوت
- ☐ گھر کے پتے کا ثبوت
- ☐ ورکرز کمپنسیشن بیمہ کی معلومات

جاری←

☐ لیڈ محفوظ طریقوں اور/یا دستخط شدہ توثیق سے متعلق امریکی ماحولیاتی تحفظ کی ایجنسی (Environmental Protection Agency, EPA) کی تصدیق کا ثبوت

☐ DCWP ٹرسٹ فنڈ انرولمنٹ (200$ فیس) یا 20,000$ کی ضمانت کے اقرار نامہ (یا فریق ثالث کا اقرار نامہ) کی کاپی، جس پر صحیح طریقے سے دستخط کیا گیا ہو

☐ کانٹریکٹ کی تعمیل کا معاہدہ

☐ گھر کی بہتری کا امتحان اور 50$ امتحان کی فیس

☐ فنگر پرنٹس اور فی شخص 75$ پروسیسنگ فیس

☐ توثیق کرنے کا اختیار دینا *(اگر قابل اطلاق ہو)*

☐ لائسنس کی فیس

*اپنی درخواست جمع کرانے کا مطلب یہ نہیں کہ آپ کا لائسنس خود بخود منظور ہو جائے گا۔*

## سٹی یا اسٹیٹ کی اضافی پرمٹس/لائسنسز/کلیئرنسز جن کی آپ کو ضرورت پڑ سکتی ہے

فٹ پاتھ پر کام کے لیے نیو یارک سٹی محکمہ برائے ذرائع نقل و حمل (Department of Transportation, DOT) سے پرمٹ کی ضرورت ہوتی ہے۔ 311 پر رابطہ کریں یا www.nyc.gov/dot ملاحظہ کریں۔

گھر کی بہت ساری اصلاحات کے لیے نیو یارک سٹی محکمہ برائے عمارات (Department of Buildings, DOB) سے پرمٹ کی ضرورت ہوتی ہے۔ مکان یا عمارت کو بڑھانے، اٹھانے، بلند کرنے یا منتقل کرنے کے کام میں DOB کی جانب سے خصوصی معائنہ کی ضرورت ہوتی ہے۔ 311 پر رابطہ کریں یا www.nyc.gov/buildings ملاحظہ کریں۔

اگر آپ اپنے کاروباری کاموں کے نتیجے میں فاضل اشیاء کو روکنے یا لے جانے کا ارادہ رکھتے ہیں تو آپ کو نیویارک سٹی بزنس انٹیگریٹی کمیشن سے کلاس ون سیلف ہولر رجسٹریشن حاصل کرنا ہوگا۔ درخواست اور مزید معلومات کے لیے 311 پر کال کریں یا www.nyc.gov/bic ملاحظہ کریں۔

اس کا مطلب مکمل فہرست نہیں ہے۔ اضافی وسائل کا سیکشن دیکھیں۔

## درخواست جمع کرانے کا طریقہ



صرف لیپ ٹاپ یا ڈیسک ٹاپ کمپیوٹر کا استعمال کر کے اپنی درخواست آن لائن جمع کرانے کے لیے www.nyc.gov/BusinessToolbox پر جائیں۔

یا



DCWP لائسنسنگ سنٹر یا NYC چھوٹا کاروبار سپورٹ سنٹر (پتے صفحہ 1 پر درج ہیں) میں ذاتی طور پر جمع کرانے کے لیے اپائنٹمنٹ شیڈیول کریں۔

**بذریعہ ای میل:** LicensingAppointments@dca.nyc.gov
**بذریعہ فون*:** 0441-436 (212) پر کال کریں۔ (پیر تا جمعہ، صبح 8 بجے سے شام 4 بجے تک)

*یہ نمبر صرف ذاتی طور پر پیش کی جانے والی سروس کے لیے اپائنٹمنٹ شیڈیول کرنے کے واسطے ہے۔ عام سوالات کے لئے، onlineappsdocs@dca.nyc.gov پر ای میل کریں۔

*مفت ترجمانی کی خدمات سائٹ پر دستیاب ہیں۔* معذوری سے متعلق رہائش کی درخواست کرنے کے لیے، براہ کرم DCWP کی معذور امریکیوں کی ایکٹ (Americans with Disabilities Act, ADA) کے کوآرڈینیٹر کو **humancapital@dca.nyc.gov** پر ای میل کریں یا **nyc.gov/dcwp** ملاحظہ کریں اور "رہائشیں" تلاش کریں۔

## کاروباری سرٹیفکیٹ کے بارے میں اہم پیغام

آپ کے پاس اپنے کاروبار کے قانونی ڈھانچے کی بنیاد پر قابل اطلاق کاروباری سرٹیفکیٹ ہونا ضروری ہے۔ اگرچہ DCWP آپ کی درخواست پر کارروائی کے لیے آپ کے کاروباری سرٹیفکیٹ پیش کرنے کا تقاضہ نہیں کرتا ہے، پھر بھی نیویارک سٹی انتظامی ضابطہ کے سیکشن 20-104کے تحت DCWP اس دستاویز کی درخواست کر سکتا ہے۔

آپ کے علاوہ کسی اور نام کے تحت کام کرنے والے تنہا ملکیت والے اشخاص کے پاس کاروبار/فرضی کردہ نام کا سرٹیفکیٹ ہونا ضروری ہے۔

شراکتوں میں شراکت کا سرٹیفکیٹ ہونا ضروری ہے اور، اگر قابل اطلاق ہو تو، آپ کے کاروبار کے لئے ایک فرض کردہ نام کا سرٹیفکیٹ ہونا بھی ضروری ہے۔

کارپوریشنز، محدود شراکتوں، محدود ذمہ داری والی کمپنیوں، یا محدود ذمہ داری شراکتوں کے لیے لازمی ہے کہ وہ نیو یارک اسٹیٹ ڈویژن آف کارپوریشنز کے ساتھ اندراج کرائیں اور فعال رہیں۔ آپ اپنی حالت www.dos.ny.gov/corps پر چیک کر سکتے ہیں۔

## لوازمات

**اگر آپ یہ مطلوبہ دستاویزات اور معلومات جمع نہیں کراتے ہیں تو DCWP آپ کی درخواست مسترد کر دے گا:**

- **بنیادی لائسنس کی درخواست** (منسلک)۔
- **سیلز ٹیکس کا شناختی نمبر یا درخواست کا تصدیقی نمبر۔**
  سیلز ٹیکس وصول کرنے کے لئے اختیار کے سرٹیفکیٹ کے واسطے درخواست دینے کے لیے www.businessexpress.ny.gov ملاحظہ کریں۔
- **کاروباری پتہ کا ثبوت۔**
  مندرجہ ذیل دستاویزات میں سے کسی ایک کی کاپی کاروبار یا لائسنس کی درخواست پر درج فرد کے نام سے جمع کرائیں۔
  - افادیت کا بل، جس پر آخری 90 دنوں کے اندر کی تاریخ درج ہو (جیسے ٹیلیفون، گیس، بجلی، کیبل، یا پانی) یا
  - حالیہ لیز یا وثیقہ اور
  - حالیہ کرایہ یا رہن کا بل یا
  - بیمہ کی دستاویز یا بیمہ کا بل جس پر آپ کے کاروبار کا پتہ درج ہو یا
  - کسی بھی سرکاری ایجنسی کے ساتھ خط و کتابت جس پر آپ کے کاروبار کا پتہ درج ہو یا
  - حالیہ (فعال) لائسنس یا پرمٹ یا سٹی/ریاستی/وفاقی حکومت کی کسی ایجنسی کی جانب سے جاری کردہ سرٹیفکیٹ جس پر آپ کے کاروبار کا پتہ درج ہو

- **گھر کے پتہ کا ثبوت.**

لائسنس کی درخواست پر درج ہر ایک فرد کو فرد کے نام کی درج ذیل دستاویزات میں سے کسی ایک کی کاپی فراہم کرنا ہوگی:

  - افادیت کا بل، جس پر آخری 90 دنوں کے اندر کی تاریخ درج ہو (جیسے ٹیلیفون، گیس، بجلی، کیبل، یا پانی) یا
  - کسی بھی سرکاری ایجنسی کے ساتھ خط و کتابت جس پر گھر کا پتہ درج ہو یا
  - حالیہ لیز یا وثیقہ اور
  - بیمہ کی دستاویز یا بیمہ کا بل جس پر گھر کا پتہ درج ہو یا
  - حالیہ (فعال) لائسنس یا پرمٹ یا سٹی/ریاستی/وفاقی حکومت کی طرف سے جاری کردہ کوئی سرٹیفکیٹ جس پر گھر کا پتہ درج ہو یا
  - کالج یا اسکول کے ساتھ خط و کتابت جس پر گھر کا پتہ درج ہو یا
  - حالیہ کرایہ یا رہن کا بل یا
  - ڈرائیونگ لائسنس یا
  - میونسپل کا ID کارڈ

*کسی ایسے فرد کے لیے جو کسی دوسرے شخص کے پتہ پر رہتا ہو، فراہم کریں:*

  - گھر کے پتہ کا ایک ثبوت (اوپر دیکھیں) جس پر لیز ہولڈر کا یا گھر کے مالک کے نام درج ہو اور
  - ایک ایسا خط جس پر گھر کے مالک یا لیز ہولڈر کا دستخط ہو جس میں بتایا گیا ہو کہ وہ شخص اس پتے پر رہتا ہے

- **ورکرز کمپنسیشن کے بیمہ کی معلومات.**

ورکرز کمپنسیشن کے بیمہ کی معلومات کے ثبوت کے طور پر درج ذیل دستاویزات میں سے کسی ایک کی کاپی فراہم کریں:

  - نجی بیمہ کیریئر یا نیو یارک اسٹیٹ بیمہ فنڈ آفس سے ورکرز کمپنسیشن کے بیمہ کیلئے بیمہ کا سرٹیفکیٹ۔ بیمہ کے سرٹیفکیٹ میں محکمہ برائے صارف اور کارکن کے تحفظ کا نام سرٹیفکیٹ ہولڈر کے طور پر ہونا چاہیے اور اس میں محکمہ کا پتہ شامل ہونا چاہیے:
42 Broadway, New York, NY 10004. یا
  - نیو یارک اسٹیٹ ورکرز کمپنسیشن بورڈ سے استثنیٰ کی تصدیق کا سرٹیفکیٹ (اگر آپ نے ورکرز کمپنسیشن بیمہ رکھنے کے تقاضہ سے استثنیٰ کا دعوی کیا ہے تو)۔ مزید معلومات کے لئے، اس ویب سائٹ www.wcb.ny.gov پر نیو یارک اسٹیٹ ورکرز کمپنسیشن بورڈ ملاحظہ کریں۔

*اہم بات:*

  - اگر آپ کا کاروبار اب ورکرز کمپنسیشن کے استثنیٰ کے لیے اہل قرار نہیں پاتا ہے تو آپ کو DCWP کو ورکرز کمپنسیشن بیمہ کا ثبوت فراہم کرنا ہوگا۔
  - ACORD فارمز نیو یارک اسٹیٹ ورکرز کمپنسیشن کی کوریج کا قابل قبول ثبوت نہیں ہے۔

- **EPA کی سرٹیفیکیشن اور/یا دستخط شدہ توثیق کا ثبوت۔**
آپ جس طرح کا کاروبار کرتے ہیں اس کی نوعیت کی بنیاد پر آپ کو 1 یا 2 یا 3 میں اپنی دستاویزات جمع کرانا ہوں گی:

1. EPA کی تزئین و آرائش، مرمت، اور پینٹنگ (Renovation, Repair, Painting, RRP) سرٹیفیکیشن **اور** EPA لیڈ والے پینٹ کی سرگرمیوں کی سند (جس کو لیڈ کی روک تھام کی سند بھی کہا جاتا ہے) کی کاپیاں۔ سندوں میں نام، EPA کا سرٹیفکیٹ نمبر، اور EPA سرٹیفکیٹ کی میعاد ختم ہونے کی تاریخ لازمی طور پر شامل ہونی چاہیے۔

یا

2. EPA RRP کی سرٹیفیکیشن یا EPA لیڈ کی روک تھام کی سرٹیفیکیشن **اور** دستخط شدہ گھر کی بہتری کے ٹھیکیدار کی تصدیق (منسلک) کی کاپی جس میں اس بات کی نشاندہی کی گئی ہو کہ درخواست دہندہ کے ذریعہ کسی بھی گھر کی بہتری کے کام کے لیے دیگر EPA کی سرٹیفیکیشن کی ضرورت نہیں ہے۔

یا

3. دستخط شدہ گھر کی بہتری کے ٹھیکیدار کی تصدیق (منسلک) جس میں اس بات کی نشاندہی کی گئی ہو کہ درخواست دہندہ کے ذریعہ گھر کی بہتری کسی بھی کام کے لیے دونوں EPA سرٹیفیکیشنز (RRP؛ لیڈ کی روک تھام) کی ضرورت نہیں ہے۔

EPA سرٹیفیکیٹس کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، **epa.gov/lead** ملاحظہ کریں۔

- **DCWP ٹرسٹ فنڈ انرولمنٹ یا 20,000$ کے ضمانتی بونڈ (یا فریق ثالث کے بونڈ) کی کاپی، جس پر صحیح طریقے سے دستخط کیا گیا ہو۔**

  - *اگر آپ اپنے کاروبار کا ٹرسٹ فنڈ میں اندراج کرانا چاہتے ہیں تو،* ٹرسٹ فنڈ انرولمنٹ کا فارم (منسلک) مکمل کریں۔ ٹرسٹ فنڈ میں شامل ہونے کی فیس 200$ ہے۔

یا

  - *اگر آپ ٹرسٹ فنڈ میں اپنے کاروبار کا اندراج نہیں کراتے ہیں تو،* آپ کو 20,000$ کے ضمانتی بونڈ (یا فریق ثالث کے بونڈ) کی کاپی، جس پر صحیح طریقے سے دستخط کیا گیا ہو، جمع کرانی ہوگی۔ بونڈ کی کاپی پر محکمہ برائے صارف اور کارکن کے تحفظ کا نام بحیثیت سرٹیفکیٹ ہولڈر ہونا ضروری ہے۔ آپ کا کارپوریٹ نام، آپریٹنگ نام (Doing-Business-As, DBA) (اگر کوئی ہے)، اور احاطے کا پتہ تمام دستاویزات پر بالکل یکساں ہونا چاہئے۔ آپ کو **بونڈ کی رسید کی ایک کاپی** بھی پیش کرنی ہوگی جس سے یہ ظاہر ہوتا ہو کہ بونڈ کی پوری ادائیگی ہو چکی ہے اور لائسنس کی مدت ختم ہونے سے پہلے اس کی میعاد ختم نہیں ہو رہی ہے۔

  بونڈنگ کمپنیوں کی ایک فہرست nyc.gov/dcwp پر دستیاب ہے۔ "بونڈنگ کمپنیاں" تلاش کریں۔ DCWP کی ویب سائٹ پر موجود فہرست جامع نہیں ہے، اور DCWP کسی خاص کمپنی سے متعلق بونڈ کی توثیق یا سفارش نہیں کرتا ہے۔

- **کانٹریکٹ کی تعمیل کا معاہدہ** (منسلک)۔
کانٹریکٹ کی تعمیل کی چیک لسٹ اور ماڈل "گھر کی بہتری کا تخمینہ اور حتمی کانٹریکٹ جو" nyc.gov/BusinessToolbox پر دستیاب ہے اس کا جائزہ لیں تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ آپ کے کانٹریکٹس قانونی تقاضوں کو پورا کرتے ہیں۔

- **گھر کی بہتری کا امتحان اور 50$ امتحان کی فیس۔**

*مندرجہ ذیل تقاضے کا اطلاق ان درخواست دہندگان پر ہوتا ہے جنہوں نے اس سے قبل 2018 سے گھر کی بہتری کا امتحان پاس نہیں کیا ہے:*

تنہا ملکیت والا شخص، عام شراکت دار، کارپوریٹ افسر، پرنسپل، ڈائریکٹر، ممبر، یا حصص بردار جو کمپنی کے اسٹاک کے 10% یا اس سے زیادہ کا مالک ہے اسے DCWP لائسنسنگ سنٹر میں (پتہ صفحہ 1 پر ہے) صبح 8 بجے سے دوپہر 2:30 بجے کے درمیان گھر کی بہتری کا امتحان دینے کے لیے اپائنٹمنٹ شیڈیول کرنا ہوگا۔

امتحان 30 سوالات پر مشتمل ہے۔ پاس ہونے کے لیے آپ کو کم سے کم 21 سوالات کے صحیح جوابات دینے ہوں گے۔ فیس 50$ ہے۔ امتحان کی فیس لائسنس کی فیس سے الگ ہے اور ناقابل واپسی ہے۔ اگر آپ دو بار امتحان میں ناکام ہو جاتے ہیں تو، امتحان دوبارہ دینے کے لیے آپ کو دوبارہ امتحان کی فیس ادا کرنی ہوگی۔

امتحان کی تیاری میں آپ کی مدد کرنے کے لیے **گھر کی بہتری کے امتحانات کی گائیڈ** nyc.gov/BusinessToolbox پر دستیاب ہے۔

**اہم بات:**

- مندرجہ ذیل افراد میں سے صرف ایک شخص کو گھر کی بہتری کا امتحان پاس کرنے کی ضرورت ہے: تنہا ملکیت والا شخص، عام شراکت دار، کارپوریٹ افسر، پرنسپل، ڈائریکٹر، ممبر، یا حصص بردار جو کمپنی کے اسٹاک کے 10% یا اس سے زیادہ کا مالک ہے۔

- **فنگر پرنٹس اور 75$ پروسیسنگ فیس۔**
تنہا ملکیت والے تمام اشخاص، عام شراکت داروں، کارپوریٹ افسروں، پرنسپلز، ڈائریکٹرز، ممبرز، یا حصص برداران جو کمپنی کے اسٹاک کے 10% یا اس سے زیادہ کے مالک ہیں انہیں (پتہ صفحہ 1 پر ہے) اپائنٹمنٹ شیڈیول کرنا ہوگا تاکہ DCWP لائسنسنگ سنٹر میں ان کا فنگر پرنٹ لیا جا سکے۔ ID کی مندرجہ ذیل اقسام میں سے ایک لے کر آئیں:

  - ڈرائیونگ لائسنس یا کسی بھی امریکی ریاست کے ذریعہ جاری کردہ ڈرائیونگ لائسنس کے علاوہ شناخت کا
کوئی دوسرا ثبوت۔
  - حکومت کی ایجنسی کے ذریعہ جاری کردہ لائسنس یا پرمٹ
  - پاسپورٹ
  - ایلین کارڈ/گرین کارڈ
  - سٹی کا، ریاستی، یا وفاقی ملازم کا ID کارڈ
  - میونسپل کا ID کارڈ

لائسنس کی فیس کے سیکشن میں ادائیگی کی معلومات دیکھیں۔

- **تصدیق کرنے کا اختیار دینا، اگر قابل اطلاق ہو** (منسلک)۔
مطلوب ہے اگر لائسنس کی درخواست دینے والے کے علاوہ کوئی دوسرا شخص اس درخواست کو تیار اور جمع کرائے گا۔

*نوٹ:* درخواست دہندہ کو لائسنس کی درخواست اور تمام متعلقہ فارموں پر دستخط کرنا ہوں گے۔

- **لائسنس کی فیس۔**

| **لائسنس کی مدت:**<br>2 سال | **میعاد ختم ہونے کی تاریخ:**<br>28 فروری<br>طاق سال | **لائسنس کی فیس:** | |
|---|---|---|---|
| **اگر آپ ان تاریخوں کے درمیان اپنی درخواست جمع کراتے ہیں:** | | **اختیار 1** | **اختیار 2** |
| طاق سال میں 1 مارچ سے طاق سال میں 31 اگست تک | | اگلے طاق سال کی 28 فروری کو میعاد ختم ہونے والے لائسنس کے لیے **$100** ادا کریں۔<br>*(زیادہ سے زیادہ 24 ماہ تک درست ہے۔)* | |
| طاق سال میں 1 ستمبر سے جفت سال میں 28 یا 29 فروری تک | | سب سے جلد آنے والے طاق سال کی 28 فروری کو میعاد ختم ہونے والے لائسنس کے لیے **$75** ادا کریں۔<br>*(زیادہ سے زیادہ 18 ماہ تک درست ہے۔)* | |
| جفت سال میں 1 مارچ سے جفت سال میں 31 اگست تک | | سب سے جلد آنے والے طاق سال کی 28 فروری کو میعاد ختم ہونے والے لائسنس کے لیے **$50** ادا کریں۔<br>*(زیادہ سے زیادہ 12 ماہ تک درست ہے۔)* | |
| جفت سال میں 1 ستمبر سے طاق سال میں 28 فروری تک | | سب سے جلد آنے والے طاق سال کی 28 فروری کو میعاد ختم ہونے والے لائسنس کے لیے **$25** ادا کریں۔ *(زیادہ سے زیادہ 6 ماہ تک درست ہے۔)* | اگلے طاق سال کی 28 فروری کو میعاد ختم ہونے والے لائسنس کے لیے **$125** ادا کریں۔<br>*(زیادہ سے زیادہ 30 ماہ تک درست ہے۔)* |

ادا کریں بذریعہ:

- DCWP کو قابل ادائیگی چیک یا منی آرڈر۔ *(ذاتی طور پر)*
- کریڈٹ کارڈ (صرف Visa, MasterCard, American Express, Discover Card)۔
  آپ سے سہولت کی ناقابل واپسی فیس وصول کی جائے گی۔ *(ذاتی طور پر یا آن لائن)*

## گھر کی بہتری کے ٹھیکیداروں کے لئے اضافی وسائل

- **گھر کی بہتری کے امتحان کی گائیڈ** کے لیے، **nyc.gov/BusinessToolbox** ملاحظہ کریں۔
- جن قواعد و ضوابط سے آپ کا کاروبار متاثر ہو سکتا ہے ان کے لیے، **nyc.gov/BusinessToolbox** ملاحظہ کریں۔
- **معائنہ کی چیک لسٹ** کے لیے: **گھر کی بہتری کے ٹھیکیداروں** کے لیے، **nyc.gov/BusinessToolbox** ملاحظہ کریں۔

- DCWP کی **گھر کی بہتری کے تخمینہ اور حتمی کانٹریکٹ** کے لیے، **nyc.gov/BusinessToolbox** ملاحظہ کریں۔

- آپ کے کاروبار کو کھولنے، چلانے اور ترقی دینے میں مددگار ثابت ہونے والے وسائل کے لیے، **nyc.gov/business** ملاحظہ کریں۔

- **بزرگوں کے گھروں کو "کسی بھی عمر کے لوگوں کے لیے موزوں" بنانے کے طریقے جانیں**
DCWP اور ایجنگ کے محکمہ کے ذریعہ تیار کردہ یہ پرچہ ٹھیکیداروں کو بزرگوں کے ساتھ کام کرنے، گھروں کو کسی بھی عمر کے لوگوں کے لیے موزوں بنانے اور "ماحول دوست" بننے میں بزرگوں کی مدد کرنے کے بارے میں مشورے پیش کرتا ہے۔ **nyc.gov/BusinessToolbox** ملاحظہ کریں۔

- **گھر کی بہتری کے فروخت کنندگان کے بارے میں اہم اپ ڈیٹ**
2020 کے 31 مقامی قانون نے گھر کی بہتری کے فروخت کنندگان کیلئے لائسنس کی ضرورت کو منسوخ کر دیا ہے۔ 9 اگست 2020 سے، DCWP اب گھر کی بہتری کے فروخت کنندگان کو لائسنس نہیں دے رہا ہے اور اب وہ نئی درخواست یا تجدید کی درخواستوں کو قبول نہیں کرے گا۔ اس منسوخی سے گھر کی بہتری کے ٹھیکیداروں کے لیے لائسنس کی ضرورت پر *اثر نہیں پڑتا ہے*۔